# باہمی امداد کے لیے رقم جمع کرنا!

ادارہ

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ:
۱- ہمارے محلے میں تعزیت کے لیے کمیٹی بنی ہے، جس کا طریقۂ کار یہ ہے کہ ''کمیٹی کا ہر فرد ہر مہینے میں ۱۰۰ روپے جمع کراتا ہے اور جس ممبر کے ہاں کوئی انتقال کرجائے تو کمیٹی والے اس ممبر کے ہاں کرسیاں، قناتیں اور تین دن دو وقت کا کھانا بھیج دیتے ہیں اور تجہیز وتکفین بھی کرتے ہیں۔ شرعاً وضاحت فرما کر مشکور فرمائیں کہ تین دن دو وقت کھانے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ ایسا کرسکتے ہیں؟ اگرچہ شرع میں دو وقت کا کھانا مشروع ہے۔
۲- ان پیسوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اگر کمیٹی ممبر مرجائے تو اسی کے پیسوں کے بارے میں کیا کیا جائے؟ کمیٹی والوں کے پاس رہنے دیے جائیں یا وہ پیسے ورثاء کا حق ہیں اور ورثاء کو ملیں گے؟
مستفتی: حبیب اللہ

## الجواب باسمہٖ تعالیٰ

۱- صورتِ مسئولہ میں اگر تمام ممبران اپنی خوشی اور رضامندی سے ماہانہ رقم جمع کراتے ہیں، اس میں کسی قسم کا جبر نہیں ہوتا اور کبھی نہ دینے پر طعن کا یا کسی اور سزا کا مستحق بھی نہیں ٹھہرایا جاتا تو یہ رقم جمع کرنا امدادِ باہمی ہونے کی بنا پر جائز ہے اور جن مصارف کے لیے یہ رقم لی گئی ہے، ان مصارف میں اس رقم کا استعمال بھی شرعاً جائز ہے۔
میت کے گھر والوں کے لیے کھانا بھیجنا تو مستحسن ہے، البتہ اس موقع پر برادری اور اہل محلّہ کی ضیافت کا اہتمام کرنا اور اسی کے لیے رقم جمع کرنا شرعاً درست نہیں، بلکہ بدعت ہے۔
۲- اگر رقم دینے والے ممبران یہ رقم برادری کی مذکورہ ضروریات کے لیے وقف کردیتے ہیں تو

یہ رقم ان کے انتقال کے بعد بھی برادری کی مقررہ ضروریات میں خرچ ہوسکتی ہے اور اگر یہ رقم مالکانہ حقوق کے ساتھ ادا نہیں کی جاتی، بلکہ ہر ممبر کو جب چاہے واپس لینے کا حق ہوتا ہے تو انتقال کی صورت میں مرحوم ممبر کی رقم ان کے ورثاء کے حوالے کی جائے۔

فتاویٰ شامی میں ہے:

’’قال فی الفتح: ویستحب لجیران أهل المیت والأقرباء والأباعد تهنیة طعام لهم لیشبعهم یومهم ولیلتهم ...... ویکره اتخاذ الضیافة من الطعام من أهل المیت لأنه شرع فی السرور لا فی الشرور وهی بدعة مستقبحة وفی البزازیة: ویکره اتخاذ الطعام فی الیوم الأول والثالث وبعد الأسبوع۔‘‘ (فتاویٰ شامی، ج:۲،ص:۲۴۰-۲۴۱، ط:سعید)

فقط واللہ اعلم

| | | |
|---|---|---|
| الجواب صحیح | الجواب صحیح | کتبہ |
| ابوبکر سعید الرحمٰن | محمد شفیق عارف | عبدالحمید |

دارالافتاء جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی


## ’’ماہنامہ بینات‘‘ کے اجراء کا طریقہ

1: ...... جو حضرات ’’ماہنامہ بینات‘‘ کے دفتر تشریف لا سکتے ہوں، وہ ’’ماہنامہ بینات‘‘ کے دفتر آ کر اپنا مکمل پتہ اور فون نمبر درج کرانے کے ساتھ مبلغ 350 روپے سالانہ فیس جمع کرائیں۔

2: ...... جو حضرات کسی بنا پر دفتر بینات نہ آ سکتے ہوں تو وہ اپنے مکمل پتہ کے ساتھ 350 روپے کا منی آرڈر ناظم دفتر بینات کے نام بھیج دیں اور منی آرڈر کے آخر میں یہ وضاحت ضرور فرمائیں کہ یہ رقم ماہنامہ بینات کے اجراء کے لیے ہے۔

3: ...... یا ’’ماہنامہ بینات‘‘ کے بینک اکاؤنٹ میں 350 روپے جمع کروا کر بینک سے ملنے والی رسید اسکین کر کے اپنے نام، مکمل پتہ اور فون نمبر کے ساتھ ’’ماہنامہ بینات‘‘ کے ای میل ایڈریس پر میل کر دیں۔

نوٹ: پرانے خریدار بھی مذکورہ طریقوں سے سالانہ فیس جمع کرا سکتے ہیں، مگر ان کے لیے اپنے خریداری نمبر کی وضاحت ضروری ہے۔

فون دفتر بینات: 021-34927233 ای میل ایڈریس: bayyinat@banuri.edu.pk

بینک اکاؤنٹ نمبر: مسلم کمرشل بینک بنوری ٹاؤن برانچ کراچی، برانچ کوڈ: 0816 اکاؤنٹ نمبر: 101900-397-7

ڈاک کا پتہ: دفتر ’’ماہنامہ بینات‘‘ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن، جمشید روڈ کراچی نمبر 5